

# اگر آپ سوچتے ہیں کہ آپ کو سرطان ہے تو جینوم کی کلی ترتیب کاری کے بارے میں معلومات




یہ کتابچہ ان مریضوں، ان کے نگہداشت دہندگان اور اہل خانہ کے لیے ہے، جن کو سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری کی پیشکش کی جاتی ہے۔




جینوم کی کلی ترتیب کاری تب ہوتی ہے جب آپ کے جسم کی تعمیر اور اسے بحال رکھنے کے لیے درکار تمام معلومات ایک ماہر ڈاکٹر کے ذریعے جمع کی جاتی ہیں۔


این ایچ ایس کی جانب سے سرطان کی مخصوص اقسام کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری دستیاب ہے، جس میں یہ مریضوں کی بہتر نگہداشت کی پیشکش کرتا ہے۔



یہ جانچ آپ کی تشخیص اور علاج کے ضمن میں اضافی معلومات فراہم کر سکتی ہے۔


آپ کے یہ فیصلہ کرنے سے قبل کہ آیا یہ جانچ کروائی جائے، آپ کا نگہداشت صحت کا پیشہ ور فرد آپ سے بات کرے گا اور آپ سوالات پوچھ سکیں گے۔

## آپ کا جینوم کیا ہے؟




آپ کا جینوم وہ معلومات ہیں جو انسانی جسم کی تعمیر اور اسے صحت مند رکھنے کے لیے درکار ہوتی ہیں۔

یہ ایک کوڈ کی صورت میں لکھا ہوتا ہے جسے **ڈی این اے** کہتے ہیں۔ آپ کا جینوم ڈی این اے کے ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے، جنہیں **جینز** کہتے ہیں۔





زیادہ تر سرطان کسی شخص کے جینوم میں غیر معمولی تبدیلیوں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ ایسا ان کے طرز زندگی یا ماحول کی وجہ سے ہوتا ہے۔

بعض اوقات کچھ تبدیلیاں کسی شخص کے جینز کے ذریعے اگلی نسلوں کو منتقل ہو سکتی ہیں۔

اس کا مطلب ہو سکتا ہے کہ کسی شخص کو سرطان ہونے کا زیادہ بڑا خطرہ ہے۔

## جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ آپ کو کیا بتا سکتی ہے؟

اگرچہ جینوم کی کلی ترتیب کاری آپ کے جینوم کا کلی طور پر جائزہ لیتی ہے، لیکن جانچ سرطان کے حوالے سے جینز میں تبدیلیوں پر ہی توجہ مرکوز کرتی ہے؛ یہ ان جینز میں تبدیلیوں کا جائزہ نہیں لے رہی ہوتی ہے جو دوسری کیفیتوں کی وجہ بنتی ہیں۔




سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ مندرجہ ذیل کو سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے:

- آپ کو سرطان کیوں ہوا ہے
- آپ کو ہونے والے سرطان کی قسم
- آپ کے سرطان کے لیے کون سے معالجات بہتر کام کر سکتے ہیں
- آیا آپ کو دوسری اقسام کے سرطان ہونے کا خطرہ ہے
- آیا آپ کے اہل خانہ کو سرطان ہونے کا زیادہ خطرہ ہو سکتا ہے






اگر آپ جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ کروانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کا نگہداشت صحت کا پیشہ ور فرد آپ سے اس بارے میں بات چیت کرے گا۔

این ایچ ایس جینومک میڈیسن سروس، سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری، جولائی 2020، ورژن 2.0 جینوم کی کلی ترتیب کاری گو-لائیو کے لیے استعمال کریں۔ یہ دستاویز ورژن کنٹرول کے تابع ہے اور اس کی باقاعدگی سے تجدید کی جاتی ہے۔ آپ موجودہ ورژن ہی استعمال کر رہے ہیں، یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے مقامی جینومک لیبارٹری ہب سے رابطہ قائم کریں۔

## جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ میں کیا ہوتا ہے؟




1. ٹیومر کا نمونہ اکٹھا کیا جاتا ہے (خون یا ہڈیوں کے گودے کا نمونہ اگر جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ خون کے سرطان کے لیے ہو)

2. خون، لعاب دہن یا جلد کا نمونہ لیا جاتا ہے (اگر جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ خون کے سرطان کے لیے ہو، تو جلد یا لعاب دہن کا نمونہ لیا جائے گا)


3. نمونوں کو تجزیے کے لیے جینیاتی جانچ کی لیبارٹری میں بھیجا جاتا ہے

4. نتائج آپ کے نگہداشت صحت کے پیشہ ور فرد کو ارسال کئے جاتے ہیں ('اپنے نتائج حاصل کرنا' ملاحظہ کریں)۔



سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ ٹیومر کے متعلق معلومات اور آپ کے خون، لعاب دہن یا جلد کے ایک نمونے کے حصول پر مشتمل ہوتی ہے۔

اس سے تشخیص کی تائید یا بہترین علاج کا فیصلہ کرنے کے لیے معلومات ملتی ہے۔




اگر آپ کو خون کے سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ کی پیشکش کی جاتی ہے تو آپ کے خون یا ہڈیوں کے گودے کا نمونہ ہی ٹیومر کا نمونہ ہو گا۔

جانچ ٹیومر کے ایک ایسے نمونے پر انجام دی جائے گی جسے آپ کے علاج کے ایک حصے کے دوران الگ کیا گیا ہو گا۔



آپ کو اپنے خون، لعاب دہن یا جلد کا نمونہ دینے کے لیے ایک مزید اپائنٹمنٹ کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔


**نتائج**

اس کے بعد نمونوں کو جانچ کے لیے کسی لیبارٹری میں بھیجا جاتا ہے۔

اگر آپ جینوم کی کلی ترتیب کاری کی جانچ **نہیں** کروانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تب بھی آپ کو ممکنہ حد تک بہترین نگہداشت صحت مہیا کی جائے گی۔

این ایچ ایس جینومک میڈیسن سروس، سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری، جولائی 2020، ورژن 2.0 جینوم کی کلی ترتیب کاری گو-لائیو کے لیے استعمال کریں۔ یہ دستاویز ورژن کنٹرول کے تابع ہے اور اس کی باقاعدگی سے تجدید کی جاتی ہے۔ آپ موجودہ ورژن ہی استعمال کر رہے ہیں، یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے مقامی جینومک لیبارٹری ہب سے رابطہ قائم کریں۔

## اپنے نتائج حاصل کرنا




نمونہ لینے کے بعد اس کی جانچ کی جائے گی اور نتیجہ آپ کے نگہداشت صحت کے پیشہ ور فرد کو بھیجا جائے گا۔

نتیجہ آپ کے سرطان اور علاج کے اختیارات کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

ٹیومر کے نمونے کے نتیجے کا خون، لعاب دہن یا جلد کے نمونے کے نتیجے سے تقابل کیا جائے گا۔



جانچ کا نتیجہ دکھا سکتا ہے کہ آیا آپ سرطان کی دیگر اقسام میں مبتلا ہونے کے زیادہ خطرے میں ہیں اور آیا یہ خطرات آپ کے اہل خانہ کو متاثر کر سکتے ہیں۔

اس صورت میں، آپ کی ایک ماہر سے ملاقات ہو سکتی ہے جو آپ سے آپ کے نتائج پر بات کرے گا اور اس پر بات چیت کر سکتا ہے کہ آپ کے سرطان کے خطرے پر کیسے قابو پایا جائے۔



اس سے آپ کو یہ سوچنے میں مدد ملے گی کہ نتیجے کے بارے میں اپنے اہل خانہ سے کیسے بات کی جائے۔

## آپ کے جینز سے متعلق ڈیٹا




تمام ڈیٹا محفوظ اور رازدارانہ طریقے سے رکھا جاتا ہے۔ آپ کا ڈیٹا یوکے کے قانون اور این ایچ ایس کی پالیسی کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے۔
مزید معلومات یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں:
/https://www.england.nhs.uk/contact-us/privacy-notice



آپ کی جانچ کا ڈیٹا اور نتائج این ایچ ایس جینوم میڈیسن سروس کے لیے ایک محفوظ ڈیٹابیس میں رکھے جائیں گے، جو این ایچ ایس کا وہ حصہ ہے جو جینوم کی کلی ترتیب کاری کی نگرانی کرتا ہے۔

این ایچ ایس جینومک میڈیسن سروس، سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری، جولائی 2020، ورژن 2.0 جینوم کی کلی ترتیب کاری گو-لائیو کے لیے استعمال کریں۔ یہ دستاویز ورژن کنٹرول کے تابع ہے اور اس کی باقاعدگی سے تجدید کی جاتی ہے۔ آپ موجودہ ورژن ہی استعمال کر رہے ہیں، یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے مقامی جینومک لیبارٹری ہب سے رابطہ قائم کریں۔



صرف منظور شدہ عملہ ہی آپ کا ڈیٹا دیکھ سکتا ہے۔

## انشورنس کے مقاصد کے لیے ڈیٹا کا استعمال

آپ کی رضامندی کے بغیر ڈیٹا کا انشورنس کمپنیوں کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جائے گا۔




انشورنس کمپنیاں آپ سے اپنے اور اپنے اہل خانہ کے بارے میں طبی معلومات فراہم کرنے کا کہہ سکتی ہیں۔

## ڈیٹا کا تحقیقی مقاصد کے لیے استعمال



این ایچ ایس کے دیگر لاکھوں مریضوں کی جانب سے عطیہ کردہ صحت کے ڈیٹا نے نئی ادویات اور معالجات کی تیاری میں مدد دی ہے۔



تمام مریضوں کے پاس اختیار ہوتا ہے کہ وہ اپنا ڈیٹا کسی لائبریری کو دے سکیں تاکہ منظور شدہ محققین اس ڈیٹا کو استعمال کر سکیں۔

اگر آپ ایسا کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کا ڈیٹا محققین کو نئے معالجات کی تیاری کی مدد دے گا۔




آپ کا ڈیٹا تحقیق میں کس طرح مدد کر سکتا ہے، اس کے متعلق مزید جاننے کے لیے براہ کرم http://www.genomicsengland.co.uk پر جینومکس انگلینڈ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

## مزید معلومات



جینوم کی کلی ترتیب کاری کے بارے میں ان تنظیموں سے مزید معلومات حاصل کریں:

http://www.nhs.uk/conditions/genetic-and-genomic-testing

این ایچ ایس جینومک میڈیسن سروس، سرطان کے لیے جینوم کی کلی ترتیب کاری، جولائی 2020، ورژن 2.0 جینوم کی کلی ترتیب کاری گو-لائیو کے لیے استعمال کریں۔ یہ دستاویز ورژن کنٹرول کے تابع ہے اور اس کی باقاعدگی سے تجدید کی جاتی ہے۔ آپ موجودہ ورژن ہی استعمال کر رہے ہیں، یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے مقامی جینومک لیبارٹری ہب سے رابطہ قائم کریں۔